ذاتی جائزہ:28

نمبر شمار	اس میں سے خرچ کرو جو رزق ہم نے تمھیں دیا ہے	ہاں	نہیں
1	میں صرف اپنی ذات اور اپنے بیوی بچوں پر ہی خرچ نہیں کرتا / کرتی بلکہ دوسرے لوگوں پر بھی خرچ کرتا / کرتی ہوں؟		
2	میں دوسروں کے لیے بھی وہی پسند کرتا / کرتی ہوں جو اپنے لیے پسند کرتا / کرتی ہوں؟		
3	میں خالص اللہ کی رضا کی خاطر اللہ کے دیے ہوئے رزق میں سے خرچ کرتا / کرتی ہوں؟		
4	مجھ پر زکوۃ فرض ہے اور میں اپنے مال کی زکوۃ باقاعدگی سے دیتا / دیتی ہوں؟		
5	میں حج کی استطاعت رکھتا / رکھتی ہوں اور میں نے اپنا فرض حج ادا کر لیا ہے؟		
6	میں اللہ کے ہاں اپنے عمل کی قبولیت کے لیے حلال مال سے صدقہ کرتا / کرتی ہوں؟		
7	میں فرض کے علاوہ نفلی صدقہ بھی کرتا / کرتی ہوں؟ اور میں غریب، فقیر، مسکین اور محتاج کی مالی مدد کرتا / کرتی ہوں؟		
8	میں موت کے وقت کی حسرت (مجھے تھوڑی سی مہلت ملے تو صدقہ کرلوں) سے بچنے کے لیے ہر حال میں اور ہر موقع پر صدقہ کرتا / کرتی ہوں؟		
9	میں بھلائی کے کاموں میں خرچ کرنے میں جلدی کرتا / کرتی ہوں؟		
10	میں صدقہ کو افضل عمل جاننے کے بعد اپنے دل کی خوشی سے صدقہ کرتا / کرتی ہوں؟		
11	میں اپنے پسندیدہ مال میں سے دوسروں پر خرچ کرتا / کرتی ہوں؟		
12	میں مال کے علاوہ صدقہ کے دوسرے کام مثلاً گھر والوں سے محبت، بھلائی اور مدد کرنا، تسبیحات پڑھنا، سلام کرنا، لوگوں کے درمیان صلح کروانا، پانی پلانا، اچھی بات کرنا، کسی کی وحشت و تنہائی دور کرنا وغیرہ کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
13	میں صدقہ سمجھ کر راستے سے ہر تکلیف دہ چیز مثلاً پتھر، لکڑی، کانٹا، ہڈی وغیرہ کو ہٹا دیتا / دیتی ہوں؟		
14	میں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے عرش کے سائے تلے کھڑے ہونے کے لیے اس طرح صدقہ کرتا / کرتی ہوں کہ کسی کو بھی خبر نہ ہو؟		
15	میں دوسروں کو عمل کی ترغیب دلانے کے لیے اپنے صدقات کو علانیہ بھی دیتا / دیتی ہوں؟		
16	میں صدقہ کرنے کے بعد ریاکاری، احسان جتانے اور تکلیف پہنچانے سے بچنے کی پوری کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
17	میں کسی کو بھی صدقہ دینے کے بعد اس سے واپسی کا مطالبہ نہیں کرتا / کرتی؟		
18	میں محنت کر کے اپنے ہاتھ کی کمائی سے صدقہ کرتا / کرتی ہوں؟		
19	میں کھانا پکا کر اس میں سے صدقہ کرتی ہوں؟		
20	میں اپنے پاس موجود ہر چیز میں سے صدقہ کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
21	میں دنیا کی بجائے آخرت کے اجر کے لیے نیکیوں میں دوسروں سے سبقت حاصل کرنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
22	میں اپنے بچوں کو بھی صدقہ کرنے کی تلقین کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

بخل سے پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ [صحیح البخاری:6370]

اے اللہ! میں بخل سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔